پریس ریلیز

پاکستان سپر لیگ :قذافی سٹیڈیم میں جنرل ہسپتال کی طرف سے عارضی ہسپتال 23مارچ تک فنکشنل آپریشن تھیٹر قائم ، وافر ادویات اور عملہ موجود ہوگا:ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین

کھلاڑیوں اور عملے کے علاوہ عام شہریوں کو بھی طبی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں :پرنسپل پی جی ایم آئی

کھیل بالخصوص کرکٹ کی بحالی خوش آئند، دوبارہ ملکی وغیر ملکی مہمانوں کی طبی خدمت کا موقع ملا:پروفیسر الفرید ظفر

لاہور23فروری:...... پاکستان سپر لیگ کے لاہور میں میچز کے دوران قذافی سٹیڈیم میں جنرل ہسپتال کی طرف سے قائم کردہ عارضی ہسپتال 23مارچ تک فنکشنل رہے گا جہاں ڈاکٹرز،نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف نے پہلے ہی اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں جبکہ ڈاکٹر رانا محمد شفیق کو اس ہسپتال کے لئے فوکل پرسن مقرر کردیا گیا ہے۔اس امر کا اظہار میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کو اس قائم کردہ عارضی ہسپتال کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ برسوں کی طرح اس مرتبہ بھی پاکستان سپر لیگ کے انعقاد پر کسی بھی قسم کی طبی ضرورت سے نمٹنے کے لئے عارضی ہسپتال کے قیام کا اعزاز لاہور جنرل ہسپتال کے حصے میں آیا ہے اور انشاءاللہ ہم اپنے فرائض سے کسی طور بھی پہلو تہی نہیں کریں گے۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے ہدایت کی کہ کھلاڑیوں اور عملے کے علاوہ عام شہریوں کو بھی اس عارضی ہسپتال میں علاج معالجے کی فوری اور معیاری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور بالخصوص فوکل پرسن اپنی موجودگی کے علاوہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ روزانہ کی بنیاد پر اس عارضی ہسپتال میں آنے والے لوگوں کے اعدادوشمار جمع کیے جائیں۔انہوں نے اس امر پر مسرت کا اظہار کیا کہ ماضی کی طرح دوبارہ لاہور جنرل ہسپتال کو ملکی وغیر ملکی مہمانوں کی طبی خدمت کا موقع ملا ہے۔پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کھیلوں بالخصوص کرکٹ کی بحالی کو خوش آئند امر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال کے ڈاکٹرز،نرسز اور طبی عملہ ہمہ دم چوکس رہے گا اور کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کی بھرپور تیاری ہوگی۔قذافی سٹیڈیم میں قائم ہونے والے اس عارضی ہسپتال کے فوکل پرسن ڈاکٹر رانا محمد شفیق نے بتایا کہ جان بچانے سمیت ضروری ادویات کا وافر سٹاک موجود ہے جبکہ دیگر طبی ضروریات بھی یقینی بنائی گئی ہیں۔انشاءاللہ یہاں آنے والے شائقین اور کھلاڑیوں کو ہمہ وقت طبی سہولتیں بہم

پی ایس ایل: قذافی سٹیڈیم پر جنرل ہسپتال کی طرف سے قائم کردہ عارضی ہسپتال کے ڈاکٹرز و نرسز کا فوکل پرسن ڈاکٹر رانا محمد شفیق کے ہمراہ گروپ فوٹو